EX: PW: 7/2
17-02-2021
SCJ(A)/10 189/1 of 2021
28.12-2021

Serial No.	Date of presentation of the plaint	Name and description of the plaintiff with Pleader's name (if any) stating whether the Pleader is empowered to realize money in execution proceedings.	Name and description of the Defendant with Pleader's name (if any) stating whether the Pleader is empowered to realize money in execution proceedings.	CLAIM: Particulars	CLAIM: Description of the suit for purpose of classification	CLAIM: Amount or Value	HEARING WITH DURATION OF THE SUIT IN DAYS: Date	HEARING WITH DURATION OF THE SUIT IN DAYS: Purpose for which the date is fixed
1	2	3	4	5	6	7	8	9
	189/1 of 2021	[illegible]	[illegible] 2 [illegible] 5 [illegible]	[illegible] DCR 1-1-1982 [illegible] 1-1-1990 [illegible] DCR [illegible]			[illegible] 2021 [illegible]	

NO.

113

(139)

FORM "A"

FORM OF ORDER SHEET

Court of Civil Judge/IQ ______ Dir Lower at ______

Case No. ______ of ______

Title اسرار یارت خان Vs مقدمہ DC

Serial No. of Order or Proceedings 1	Date of Order or Proceedings 2	Order or other Proceedings with Signature of Judge or Magistrate and that of parties or counsel where necessary 3
0—1	29 12/020	دعویٰ ہذا وکالت داخل شد۔ بعد از رجسٹر کار پیش شد سمع۔ [signature] [stamp]
EX:(illegible) 7/13 [signature]		جناب عالی! درخواست دعویٰ ہذا مشتمل بر پانچ صفحات ہے۔ نقل [illegible] نقشہ، شجرہ نسب، [illegible] مختار نامہ۔ وکالت نامہ سلیم خان ایڈووکیٹ شامل ہے۔ ریکارڈ پیش خدمت ہے۔ [signature]
Scanned/110 Timergara 17-02-2021		
0—2	29 12/020	مدعیان بمعہ وکیل حاضر۔ سماعت [illegible] دعویٰ درست [illegible] ہے۔ [illegible] مدعا علیہم [illegible] بتاریخ 22/1/21 [illegible] مسل ملاحظہ شد۔ چونکہ وکیل مدعیان نے [illegible] ہے لہٰذا [illegible] [signature] [stamp]

	Date of Order or Proceedings	Order or other Proceedings with Signature of Judge or Magistrate and that of parties or counsel where necessary
	2	3
3	22-1-21	مدعی ہمراہ ایڈووکیٹ صاحب و دیگر مدعیان آج بذریعہ مختار حاضر۔ مدعا علیہ نمبر 3-6 ایڈووکیٹ صاحب حاضر۔ مدعا علیہم نمبر 1-2 بذریعہ نمائندہ حاضر۔ مدعا علیہم نمبر 3 تا 7 کی تعمیل آسان اور عام طریقے سے ہونا مشکل ہے۔ لہٰذا نوٹس بنام مدعا علیہم نمبر 3 تا 7 بذریعہ اشتہار روزنامہ پاکستان مورخہ 8-2-21 کیلئے جاری ہوں۔ مدعیان کو ہدایت ہے کہ 8 دن کے اندر اندر خرچہ اشتہار جمع کریں۔ نیز 16 یوم تک حالات جوں کے توں رہیں۔
0-4	8-2-21	مدعی ہمراہ ایڈووکیٹ و دیگر مدعیان آج بذریعہ مختار حاضر۔ مدعا علیہم نمبر 1 تا 2 بذریعہ نمائندہ حاضر۔ مدعا علیہ نمبر 6 ایڈووکیٹ حاضر۔ مدعا علیہم نمبر 3 تا 7 باوجود اشتہار شائع ہونے کے حاضر نہ ہے۔ یکطرفہ شد۔ مسل مورخہ 26-2-21 کو جواب دعویٰ / جواب درخواست پیش ہو۔ نیز 16 یوم تک حالات جوں کے توں رہیں۔

IW-8

20-02-2021

بیان عمر زیب ولد باچازادہ ساکن حیاسیری تحصیل بلامبٹ دیر پائین۔

بیان کیا کہ مسماۃ فریدہ بی بی دختر شہزادہ خان ساکن کوٹو تحصیل بلامبٹ دیر پائین (مدعیہ بمقدمہ زیر انکوائری) میری بیوی ہے جسکی شناختی کارڈ میں تاریخ پیدائش غلط درج ہے۔ تاریخ پیدائش کی درستگی کے لئے میں بہمراہ فریدہ بی بی دفتر نادراء اوڈیگرام آ کر بابت درستگی تاریخ پیدائش نادراء سے استدعا کی تو نادراء حکام نے مجھے بتایا کہ تاریخ پیدائش درست کرنے کے لئے عدالت تیمرگرہ سے ثبوت لائے جسکی بعد ہم گھر واپس چلے گئے۔ اگلے روز میں عدالت / کچہری تیمرگرہ بغرض دائر کرنے مقدمہ آیا تو کچہری میں مسمی ذاہداللہ ساکن خونگی کے ساتھ ملاقی ہوا اور نادراء مقدمہ بارے اس سے معلومات حاصل کی تو مسمی ذاہداللہ نے بتایا کہ میں وکیل ہوں اور میں یہ مقدمہ آپ کے لئے بعوض مبلغ -/20,000 روپے فیس دائر کروں گا۔ ہمارے مابین مبلغ -/20,000 روپے فیس مقرر ہوا۔ اگلے روز میں نے مبلغ -/6000 ذاہداللہ کو ہمراہ نقولات شناختی کارڈ مسماۃ فریدہ بی بی (مدعیہ مقدمہ زیر انکوائری)، ایک عدد نقل شناختی کارڈ خود، ایک عدد نقل شناختی کارڈ برادر خود مسمی محیب اللہ و ایک عدد نقل شناختی کارڈ والد مسماۃ فریدہ بی بی مسمی شہزادہ خان حوالہ کئے۔ اور پھر مجھ سے دستاویزات پر انگشت ہائے ثبت کئے تاہم مجھے یہ یاد نہ ہے کہ دستاویزات کس رنگ اور کس شکل کے تھے اور میرے علاوہ میری بیوی مسماۃ فریدہ بی بی، میرے بھائی محیب اللہ اور میرے سسر شہزادہ خان نے کسی بھی دستاویز پر انگشت یہ دستخط ثبت نہیں کیا ہے اور نہ ہی میں نے یا مذکورہ دیگر کسان نے عدالت میں کوئی بیان دیا ہے۔ مجھے مذکورہ ذاہداللہ نے اپنا موبائل نمبر 03449787715 دے کر مجھے رخصت کر کے کہا کہ اس نمبر پر میرے ساتھ رابطہ رکھو۔ جب آپ کی کاغذات تیار ہو جائے تو میں آپ کو مطلع کروں گا۔ اسطرح ایک دن بعد بروز ہفتہ بازار تیمرگرہ میں ریاض کیمیکل والے دکاندار نے میرے کہنے پر چار ہزار -/4000 مزید مسمی ذاہداللہ کو مقرر کردہ فیس میں اداء کئے۔ یوں ہر ہفتہ میں مسمی ذاہداللہ کے ساتھ مقدمہ بارے رابطہ کرتا تھا۔ تقریباً ایک مہینہ بعد مسمی ذاہد اللہ نے مجھے بوقت مغرب میرے موبائل فون نمبر 03078530181 پر رابطہ کیا اور کہا کہ آپ کے کاغذات تیار ہے کل آ کر بقایا فیس مبلغ دس ہزار روپے -/10,000 ساتھ لائے اور اپنے دستاویزات لے جائے یوں اگلے دن بوقت تقریباً چار بجے میں بلامبٹ آ کر عدالت کے باہر شہید چوک کے ایک ہوٹل میں مسمی ذاہداللہ کے ساتھ ملا۔ ہوٹل میں چائے پی کر میں نے بقایا دس ہزار روپے -/10,000 اسکو اداء کئے اور اس نے مجھے مقدمہ کے دو عدد مصدقہ نقولات حوالہ کر کے پشت نقولات پر اپنا نمبر 03449787715 و اپنا نام ذاہداللہ خونگی بالاتحریر کر کے کہا کہ ان دستاویزات کو نادراء دفتر لے جا کر ارشاد احمد نادراء آفس تیمرگرہ کے حوالہ کرے وہ آپ کا کام کرے گا۔ اس نے نادراء اہلکار کا نام بھی دستاویز کے پشت پر لکھ دیا۔ یوں اگلے ایک دو دن بعد میں نے مذکورہ دستاویزات کی ایک عدد کاپی اپنی ساتھ رکھی اور دوسری مصدقہ کاپی نادراء دفتر تیمرگرہ میں جمع کرتے ہوئے نادراء والوں نے کہا کہ اس کی ایک اور فوٹو کاپی بنا کر دونوں جمع کرائے۔ اسطرح میں نے دوسری فوٹو کاپی بنا کر ہمراہ مصدقہ نقولات نادراء دفتر میں جمع کئے۔ لیکن میں متذکرہ ارشاد احمد کے ساتھ نہیں ملا ہوں۔ نادراء دفتر تیمرگرہ والوں نے مجھے کہا کہ ایک ہفتہ بعد کاغذات کے بابت پوچھ لے۔ پھر جب میں نادراء دفتر گیا تو انہوں نے کہا کہ مسماۃ فریدہ بی بی ساتھ لا کر شناختی کارڈ کے لوازمات پوری کرنے کے لئے پیش کرے۔ اسطرح میں ہمراہ اپنی بیوی مسماۃ فریدہ بی بی کل بمورخہ 19-02-2021 نادراء دفتر گئے۔ تو نادراء والوں نے مجھے کہا کہ تمہارے سارے عدالتی کاغذات جعلی ہیں اس پر ہم کاروائی نہیں کر سکتے ہیں۔ یوں ہم واپس گھر چلے گئے۔ میں امروز دستاویزات حوالہ کردہ مسمی ذاہداللہ مشتمل بر دس صفحات پیش

115

142

کرتا ہوں جو کہ ExIW-8/1 تا ExIW-8/10 ہے۔ اسطرح دستاویزات کے آخری صفحہ کے پشت پر نادراء اہلکار کا نام اور اسطرح زاہد اللہ خونگی بالا کا نام اور موبائل نمبر 03449787715 بطور ExIW-8/11 ہے۔ میں امروز اپنا شناختی کارڈ پیش کرتا ہوں جس کا نقل ExIW-8/12 ہے جبکہ میری بیوی کی اصل شناختی کارڈ پیش کرتا ہوں جسکی نقل ExIW-8/13 ہے۔ بس یہی میرا بیان ہے۔

سن کر درست تسلیم کیا۔

(عیسیٰ خان آفریدی)

سینئر سول جج (ایڈمن)/انکوائری آفیسر دیر پائین

20-02-2021

IW-9

20-02-2021

بیان شہزادہ خان ولد قمر ساکن کوٹو تحصیل بلامبٹ دیر پائین۔

بیان کیا کہ مسماۃ فریدہ بی بی مدعیہ در مقدمہ زیر انکوائری میری بیٹی ہے جو کہ مسمی عمر زیب ولد باچا زادہ ساکن حیا سیری تحصیل بلامبٹ ضلع دیر پائین کی بیوی ہے۔ مسماۃ فریدہ بی بی کی شناختی کارڈ کی درستگی کے لئے مسمی عمر زیب ہمارے گھر آ کر ہمارے گھر سے میری اصل شناختی کارڈ لے کر اور واپسی پر مجھے حوالہ کر کے کہا کہ یہ شناختی کارڈ مسماۃ فریدہ بی بی کی شناختی کارڈ میں درستگی کے لئے درکار تھا۔ اسکے علاوہ نہ میں نادراء دفتر گیا ہوں نہ عدالت آیا ہوں اور نہ کسی دستاویز پر انگشت یا دستخط ثبت کی ہے اور نہ ہی کوئی بیان دی ہے۔ اسطرح میری بیٹی مسماۃ فریدہ بی بی کی مقدمہ کے بارے مجھے مزید کوئی علم نہ ہے۔ میں امروز اپنا اصل شناختی کارڈ پیش کرتا ہوں جسکی نقل ExIW-9/1 ہے۔ بس یہی میرا بیان ہے۔

سن کر درست تسلیم کیا۔

(عیسیٰ خان آفریدی)

سینئر سول جج (ایڈمن)/انکوائری آفیسر دیر پائین

20-02-2021

116

143

عدالت جناب سول جج اول / جوڈیشل مجسٹریٹ درجہ اول

مسماۃ فرید بی بی

بنام

نادرا وغیرہ

189/1
2020
29.12.2020

EXW: 1W8/1

SCJ(AD)/JFC/10
Tmurgara
20/02/2021

	حاضری	6-1-21
	جواب دعویٰ	11-1-21
	تنقیح	18-1-21
	بحث برمقدمہ	22-1-21
	حکم برمقدمہ	25-1-21

33

بعدالت محمد جنید عالم سول جج چہارم بمقام تیمرگرہ دیر پائین۔

حکم نمبر 08

02/02/2021

مدعیہ مختیار تا جبکہ مدعا علیہم بذریعہ نمائندہ حاضر۔ بحث بر مقدمہ سماعت شد۔ مسل ملاحظہ شد۔

بروئے مفصل فیصلہ امروزہ مشتمل بر چار اوراق دعویٰ مدعیہ بدیں طور فیصلہ کیا جاتا ہے کہ مدعیہ اپنا دعویٰ بذریعہ شہادت ڈگری کرنے میں کامیاب رہا۔ لہذا بروئے مفصل بحث بر تنقیحات دعویٰ ہذا بحق مدعیہ ڈگری کیا جاتا ہے اور مدعا علیہم کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے ریکارڈ میں مدعیہ کی درست صحیح تاریخ پیدائش 01/01/1982 کا تصحیحی اندراج کرے۔ عدالت واضح کرتی ہے کہ ڈگری ہذا کا اطلاق، اگر مدعیہ کسی بھی سرکاری، نیم سرکاری، یا دیگر کسی بھی ادارے میں ملازمہ پایا گیا، ہرگز مدعیہ کے حق میں نہ ہوگا۔ مخصوص حالات تناظر کی روشنی میں خرچہ بذمہ فریقین ہوگا۔ مسل بعد از ترتیب و تکمیل داخل محافظ خانہ ہو۔

حُکم سُنایا گیا۔

02/02/2021

محمد جنید عالم

سول جج چہارم تیمرگرہ ضلع دیر پائین

EX: IW 8/2

SCJ(A)/JFC/10 Timergara 28/02/2021

COURT OF ZILLA QAZI DIR LOWER

CHECKED. COPYIST ATTESTED DATE.

118

145

بعدالت محمد جنید عالم سول جج چہارم بمقام تیمرگرہ دیر پائین۔

مقدمہ نمبر: 189/1 سال: 2020

رجوعہ: 29/12/2020 تاریخ فیصلہ: 02/02/2021

فریدہ بی بی زوجہ عمرزیب دختر شہزادہ خان سکنہ کوٹ بالا حیا تیرئی تحصیل بلامبٹ ۔۔۔۔ (مدعی)

بنام

۱۔ چیئرمین نادرا حکومت پاکستان اسٹیٹ بنک بلڈنگ بمقام اسلام آباد۔

۲۔ ڈائریکٹر نادرا حکومت پاکستان اسٹیٹ بنک بلڈنگ بمقام اسلام آباد

۳۔ چیئرمین نادرا خیبر پختونخواہ بمقام حیات آباد پشاور۔

۴۔ ڈائریکٹر نادرا خیبر پختونخواہ بمقام حیات آباد پشاور۔

۵۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر نادرا سوفٹ سنٹر تیمرگرہ ۔۔۔۔۔۔۔۔ (مدعا علیہم)

﴿دعویٰ استقرار حق وصدور حکم تاکیدی﴾

فیصلہ:

مختصر حالات مقدمہ بمطابق دعویٰ کچھ یوں ہیں کہ مدعیہ کی درست وصحیح تاریخ پیدائش 01/01/1982 ہے ،جبکہ مدعا علیہم کی جانب سے مدعیہ کے حق میں جاری شدہ اسناد میں غلط طور پر تاریخ پیدائش مدعیہ 01/01/1990 درج ہے، جو قابل تصحیح ہے۔ نیز مدعیہ نے دعویٰ خود میں موقف اختیار کیا ہے کہ اگر قومی شناختی کارڈ میں درستگی/تصحیح نہ کرنے کیصورت میں مدعیہ کو مستقبل میں مشکلات کا بھی خدشہ ہے۔ مدعا علیہم کو ہر چند تصحیح کیلئے کہا گیا اور انکار کیصورت میں نالش ہذا کی ضرورت لاحق ہوئی۔

E.NO. 8/3
SCJ(A)/JFC/10
20/02/21

COURT OF ZILLA
CHECKED
COPYIST
ATTESTED
DATE

119 146 2

مدعا علیہم حسب ضابطہ طلب کئے گئے۔ مدعا علیہم نے بذریعہ نمائندہ حاضر ہوکر بروئے حکم نمبر۵ جوابدعویٰ داخل کیا۔ جس میں کئی عذرات تمہیدی و واقعاتی اٹھاتے ہوئے دعویٰ مدعیہ سے انکار کیا گیا۔ مصالحت مابین فریقین ممکن نہ تھی لہذا تضادات متوتف ہائے فریقین کی روشنی میں درج ذیل تنقیحات مورخہ 13/01/2021 کو وضع کئے گئے۔

۱۔ کیا مدعیہ کو بنائے دعویٰ حاصل ہے؟OPP

۲۔ کیا مدعیہ کا درست و صحیح تاریخ پیدائش 01/01/1982 ہے جبکہ مدعا علیہم نے غلط طور پر ریکارڈ میں تاریخ پیدائش مدعیہ 01/01/1990 درج کیا ہے؟OPP

۳۔ کیا مدعیہ ڈگری مستدعیہ کا حقدارہ ہے؟

دادرسی۔

وضع شدہ تنقیحات پر فریقین کو شہادت پیش کرنے کا بھرپور موقع فراہم کیا گیا۔ مدعیہ نے اپنے مئوقف کے تائید میں کل تین گواہان پیش کیئے۔ جبکہ نمائندہ نادرا اسسٹنٹ سپرینڈنٹ بطور DW1 پیش ہوئے۔ نمائندہ مدعا علیہم نے اپنا اختیار نامہ اور مدعیہ کے نسبت کوائف اور ڈیٹا انفارمیشن پیش کیئے۔

مسل مقدمہ ملاحظہ شد۔ بحث برمقدمہ سماعت شد۔

وکیل مدعیہ نے بحث کرتے ہوئے کہا کہ مدعیہ کا مئوقف دستاویزی ثبوت کیساتھ ساتھ زبانی شہادت سے ثابت ہے۔ مدعا علیہم دفاع کرنے میں ناکام رہے لہذا دعویٰ بحق مدعیہ ڈگری فرمایا جائے۔ نمائندہ مدعا علیہم نے دفاع کرتے ہوئے مئوقف اپنایا کہ مدعیہ کی فراہم کردہ معلومات/کوائف کی روشنی میں شناختی کارڈ جاری کیا گیا ہے۔ دعویٰ مدعیہ بدیں وجہ قابل اخراج ہے۔

دلائل وکلاء فریقین اور مسل پر موجود مواد کے روشنی میں وضع شدہ تنقیحات پر ترتیب وار بحث درج ذیل ہے۔

Ex.W.8/4

SCJ(A)DFC Timergara 28/02/2021

تنقیح نمبر1:

تنقیح ہذا کا بارثبوت بذمہ مدعیہ تھا۔ چونکہ مدعاعلیہم کے جاری کردہ اسناد بحق مدعیہ اور مدعیہ کی پیش کردہ دستاویزات میں واضح تضاد نسبت تاریخ پیدائش مدعیہ موجود ہے، جس سے حقوق مدعیہ متاثر ہوئے ہیں۔ بدیں وجہ عدالت اس نتیجے پر پہنچی کہ مدعیہ کو بنائے دعویٰ حاصل ہے۔ لہذا تنقیح زیر بحث مثبت میں بحق مدعیہ فیصلہ کیا جاتا ہے۔

تنقیح نمبر2:

تنقیح ہذا کا بارثبوت بذمہ مدعیہ تھا۔ مدعیہ دعویٰ خود میں مؤقف اختیار کیا ہے کہ مدعیہ کا درست وصحیح تاریخ پیدائش 01/01/1982 ہے، جبکہ مدعاعلیہم نے اپنے ریکارڈ و دیگر دستاویزات جاری شدہ بنام مدعیہ میں غلط طور تاریخ پیدائش 01/01/1990 اسکے برعکس دوران شہادت اپنے جرح بریان میں DW1 محمد نثار (نمائندہ نادرا) بیانی ہوئے" کہ کوائف فارم مدعی میں نے خود پر نہیں کیا ہے۔ مزید جرح بربیان میں تسلیم کرتا ہے کہ مدعیہ کی درست تاریخ پیدائش کے نسبت والد مدعیہ کو خوب علم ہوتا ہے۔ مزید درستگی رتصیح درریکارڈ مدعیہ سے کسی کی حق تلفی نہیں ہوگی"۔ اسی طرح مدعاعلیہم اپنے ریکارڈ میں درج تاریخ پیدائش مدعیہ 01/01/1990 کی معقول وجہ ثابت کرنے میں ناکام رہے۔ بحث مباحثہ بالا سے عیاں ہے کہ مدعیہ نے مؤقف خود بذریعہ مستند دستاویزی وزبانی شہادت ثابت کیا ہے۔ لہذا تنقیح ہذا مثبت میں بحق مدعیہ فیصلہ شد۔

تنقیح نمبر3:

فریقین کی شہادت مسل پر موجود مواد اور مفصل بحث و فیصلہ برتنقیحات متذکرہ بالا کی روشنی میں عدالت قرار دیتی ہے کہ مدعیہ دعویٰ کو ثابت کرنے میں کامیاب رہا، لہذا ڈگری مستدعیہ کا حقدارہ پایا گیا۔ بدیں طور تنقیح ہذا مثبت میں بحق مدعیہ فیصلہ شد۔

دادرسی:

EXAMINER 8/B
CC(A)JFC 110
20/02/2021

COURT OF ZILLA QAZI DIR LOWER

CHECKED.
COPYIST
ATTESTED
DATE.

بروئے مفصل بحث بر تنقیحات بالا دعوٰی ہذا بحق مدعیہ ڈگری کیا جاتا ہے۔ مدعا علیہم کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے ریکارڈ میں مدعیہ کی درست صحیح تاریخ پیدائش 01/01/1982 کا تصحیحی اندراج کرے۔ عدالت واضح کرتی ہے کہ ڈگری ہذا کا اطلاق، اگر مدعیہ کسی بھی سرکاری، نیم سرکاری، یا دیگر کسی بھی ادارے میں ملازمہ پایا گیا، ہرگز مدعیہ کے حق میں نہ ہوگا۔ مخصوص حالات تناظر کی روشنی میں خرچہ بذمہ فریقین ہوگا۔ مسل بعد از ترتیب و تکمیل داخل محافظ خانہ ہو۔

حکم سنایا گیا۔

02/02/2021

محمد جنید عالم
سول جج چہارم تیمرگرہ ضلع دیر پائین۔

سرٹیفکیٹ: تصدیق کی جاتی ہے کہ فیصلہ ہذا مشتمل بر چار (04) اوراق ہے۔ جسکے ہر ورق پر میرا دستخط بعد از ضروری درستگی، درست طور ثبت ہے۔

محمد جنید عالم
سول جج چہارم تیمرگرہ ضلع دیر پائین۔

COURT OF ZILLA QAZI DIR LOWER

CHECKED.
COPY IS T.
ATTESTED.
DATE.

5

پرچہ ڈگری

بعدالت محمد جنید عالم سول جج چہارم بمقام تیمر گرہ دیر پائین۔

مقدمہ نمبر: 189/1 سال: 2020

رجوعہ: 29/12/2020 تاریخ فیصلہ: 02/02/2021

فریدہ بی بی زوجہ عمر زیب دختر شہزادہ خان سکنہ کوٹ بالا حیا سیری تحصیل بلامبٹ ۔۔۔۔ (مدعی)

بنام

۱۔ چیئرمین نادرا حکومت پاکستان اسٹیٹ بنک بلڈنگ بمقام اسلام آباد۔

۲۔ ڈائریکٹر نادرا حکومت پاکستان اسٹیٹ بنک بلڈنگ بمقام اسلام آباد

۳۔ چیئرمین نادرا خیبر پختونخواہ بمقام حیات آباد پشاور۔

۴۔ ڈائریکٹر نادرا خیبر پختونخواہ بمقام حیات آباد پشاور۔

۵۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر نادرا سوئفٹ سنٹر تیمر گرہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ (مدعا علیہم)

﴿دعویٰ استقرار حق وصدور حکم تاکیدی﴾

(الف)۔ دعویٰ استقرار حق بدیں مراد کہ مدعیہ کی درست وصحیح تاریخ پیدائش 01/01/1982 ہے، جبکہ مدعا علیہم کی جانب سے مدعیہ کے حق میں جاری شدہ اسناد میں غلط طور پر تاریخ پیدائش مدعیہ 01/01/1990 درج ہے ،جو قابل تصحیح ہے۔نیز مدعا علیہم پابند ہیں کہ وہ ریکارڈ خود و جاری کردہ اسناد بحق درست وصحیح تاریخ پیدائش 01/01/1982 ریکارڈ خود و جاری کردہ اسناد بحق مدعیہ درج کرے۔

(ب)۔ صدور حکم تاکیدی برخلاف مدعا علیہم بدیں طور کہ وہ ریکارڈ خود میں درستگی کرکے درست وصحیح تاریخ پیدائش 01/01/1982 درج کرکے مدعی کو اسناد جاری کرے۔

مالیت بغرض کورٹ فیس واختیار سماعت جز 'الف' ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ -/300 روپے

مالیت بغرض کورٹ فیس واختیار سماعت جز 'ب' ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ -/500 روپے

6

150

123

حکم نمبر 08

02/02/2021

مدعیہ مختیار تا جبکہ مدعاعلیہم بذریعہ نمائندہ حاضر۔ بحث بر مقدمہ سماعت شد۔ مسل ملاحظہ شد۔

بروئے مفصل فیصلہ امروزہ مشتمل بر چار اوراق دعویٰ مدعیہ بدیں طور فیصلہ کیا جاتا ہے کہ مدعیہ اپنا دعویٰ بذریعہ شہادت ڈگری کرنے میں کامیاب رہا۔ لہذا بروئے مفصل بحث بر تنقیحات دعویٰ ہذا بحق مدعیہ ڈگری کیا جاتا ہے اور مدعاعلیہم کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے ریکارڈ میں مدعیہ کی درست وصحیح تاریخ پیدائش 01/01/1982 کا تصحیحی اندراج کرے۔ عدالت واضح کرتی ہے کہ ڈگری ہذا کا اطلاق، اگر مدعیہ کسی بھی سرکاری، نیم سرکاری، یا دیگر کسی بھی ادارے میں ملازمہ پایا گیا، ہرگز مدعیہ کے حق میں نہ ہوگا۔ مخصوص حالات تناظر کی روشنی میں خرچہ بذمہ فریقین ہوگا۔ مسل بعد از ترتیب وتکمیل داخل محافظ خانہ ہو۔

حکم سنایا گیا۔

02/02/2021

EX:IV:8/18

محمد جنید عالم

سول جج چہارم تیمرگرہ ضلع دیر پائین

نمبر شمار		روپے		روپے
1	سٹامپ عرضی دعویٰ		سٹامپ مختیار نامہ	
	سٹامپ وکالت نامہ		سٹامپ وجہ ثبوت	
	خرچہ خوراکہ گواہان		محنتانہ وکیل بشکل روپیہ	
	فیس اشتہار		خرچہ خوراکہ گواہان	
	فرد طلبانہ		فیس اہل کمیشن	
	متفرق		اجراء حکم نامہ	
	رجسٹری واخبار اشتہار		کورٹ فیس	
	میزان		میزان	

SCA/IFC
Imran
20/02/2021

آج بتاریخ 02/02/2021 بہ ثبت میرے دستخط ومہر عدالت جاری کیا گیا۔

محمد جنید عالم

سول جج چہارم تیمرگرہ ضلع دیر پائین

عدالت جناب سینئر سول جج/اعلیٰ علاقہ قاضی ضلع دیر پائین بمقام تیمرگرہ

فریدہ بی بی زوجہ عمر زیب دختر شہزادہ خان سکنہ کوٹ بالا حیا سیری تحصیل بلامبٹ ---(مدعیہ)

بنام

۱۔ چیئرمین نادرا حکومت پاکستان اسٹیٹ بنک بلڈنگ بمقام اسلام آباد۔
۲۔ ڈائریکٹر نادرا حکومت پاکستان اسٹیٹ بنک بلڈنگ بلیو ایریا اسلام آباد۔
۳۔ چیئرمین نادرا صوبہ خیبر پختونخوا بمقام حیات آباد پشاور۔
۴۔ ڈائریکٹر نادرا صوبہ خیبر پختونخوا بمقام حیات آباد پشاور۔
۵۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر نادرا سویفٹ سنٹر تیمر گرہ ------------(مدعاعلیہم)

Senior Civil Judge/A.Q. Dir Lower at Timergara

(دعویٰ استقرار حق وغیرہ)

(الف) دعویٰ بمراد صدور ڈگری استقرار حق بدیں مراد کہ مدعیہ کی بمطابق اصل حقائق درست تاریخ پیدائش 01-01-1982 ہے۔ جبکہ مدعاعلیہم نے ریکارڈ خود میں سہواً طور پر مدعیہ کی غلط تاریخ پیدائش 01-01-1990 کا اندراج کیا ہے۔ جو کہ مبنی برحقیقت نہ ہے۔ مدعاعلیہم پابند ہیں کہ وہ ریکارڈ خود میں درست وصحیح تاریخ پیدائش مدعیہ 01-01-1982 کا اندراج کرے اور ان کی بنیاد پر مدعیہ کی قومی شناختی کارڈ جاری کریں۔ مدعاعلیہم کو ہرگز یہ حق حاصل نہ ہے کہ وہ مدعیہ کی درست تاریخ پیدائش کی اندراج سے انکار کرے۔

(ب) صدور حکم تاکیدی بنام مدعاعلیہم کہ وہ ریکارڈ خود سے غلط تاریخ پیدائش مدعیہ 01-01-1990 حذف کر کے درست تاریخ پیدائش مدعیہ 01-01-1982 کا اندراج کرے۔ اور اسی کے بنیاد پر مدعیہ کی قومی شناختی کارڈ جاری کریں۔

(ج) صدور حکم امتناعی دوامی برخلاف مدعاعلیہم کہ وہ ریکارڈ خود میں درست تاریخ پیدائش مدعیہ کی درستگی میں کسی قسم کی ٹال مٹول سے تادوام باز و منع رہے۔

مالیت بغرض کورٹ فیس واختیار سماعت ----------جز الف 200 روپے
مالیت بغرض کورٹ فیس واختیار سماعت ----------جز ب 200 روپے
مالیت بغرض کورٹ فیس واختیار سماعت ----------جز ج 500 روپے

بنائے دعویٰ: عرصہ چند یوم قبل سے بعد از قطعی انکار مدعاعلیہم اندر حدود عدالت حضور پیدا ہوئی۔

COURT OF ZILLA QAZI DIR LOWER
CHECKED. COPY IS ATTESTED. DATE

جناب عالی! مدعیہ حسب ذیل عرض رسا ہے۔

1۔ یہ کہ مدعیہ دیہہ کوٹ بالا حیا سیری تحصیل بلامبٹ دیر پائین کی مستقل باشندہ ہے۔

2۔ یہ کہ بمطابق ابتدائی ریکارڈ و اصل حقائق میں درست اور صحیح تاریخ پیدائش مدعیہ 01-01-1982 درج ہے۔

125

Senior Civil Judge/AIQ,
Dir Lower at Timergara

152

3۔ یہ کہ مدعیہ کی اصل اور درست تاریخ پیدائش 1982-01-01 ہے۔ جبکہ مدعا علیہم نے ریکارڈ خود میں غلط طور مدعیہ کی غلط تاریخ پیدائش 1990-1-01 درج کیا ہے۔ جو کہ ہرگز درست نہ ہے (نقل شناختی کارڈ لف ہے)۔

EX:PW-8 | 10

4۔ یہ کہ مدعیہ ان پڑھ ہو کر جس نے قومی کمپیوٹرائز شناختی کارڈ حاصل کیا ہے۔ اور آئیندہ وقت میں مدعیہ کو کافی مشکلات اور نقصان کا اندیشہ ہو سکتا ہے۔ اور مدعیہ کی درست تاریخ پیدائش کا اندراج مدعیہ کی قانونی حق

CC(A)/10 Timergara 20/2/2024

5۔ یہ کہ مدعیہ کی درست اور اصل تاریخ پیدائش 1982-01-01 ہے جبکہ مدعا علیہم نے ریکارڈ خود میں غلط طور پر مدعیہ کی غلط تاریخ پیدائش 1990-01-01 درج کیا ہے۔ مدعا علیہم پابند ہے کہ وہ ریکارڈ خود میں درستگی کر کے مدعیہ کی درست اور صحیح تاریخ پیدائش کا اندراج کر کے مدعیہ اور اسی کی بنیاد پر مدعیہ کی قومی شناختی کارڈ جاری کرے۔ لیکن انکاری ہیں اسلئے نالش ہذا کی ضرورت لاحق ہوئی۔

6۔ یہ کہ مذکورہ غلطی سے مدعیہ کو مستقبل میں لاتلافی نقصان پہنچنے کا قوی اندیشہ ہے۔

7۔ یہ کہ مالیت بغرض کورٹ فیس واختیار سماعت وبنائے دعویٰ درج عنوان عرضیدعویٰ ہے دعویٰ اندر میعاد ہے اور عدالت حضور کو اختیار سماعت حاصل ہے۔

بحالات بالا استدعا ہے کہ دعویٰ مدعیہ بمطابق استدعا برخلاف مدعا علیہم ڈگری کرنے کے احکامات صادر فرمائی جاویں۔

مورخہ:

مسماۃ فریدہ بی بی دختر شہزادہ خان سکنہ خیا سیر تحصیل بلامبٹ بذریعہ مختیار خاص عمرزیب ۔۔۔ (مدعیہ)

بیان حلفی

حلفاً بیان کیا جاتا ہے کہ جملہ مراتب بالا دعویٰ ہذا درست وصحیح ہیں۔

المــــــــــــبر

مدعیہ بذریعہ مختیار خاص (عمرزیب ولد باچازادہ)

ارشاد احمد نادر زمین تیرگرہ (153)

03449787715 EX: 1W8/11

SCJ(A)/I.O Timergara 20/02/2021

126

154



EX: PW-8/12

I.O

Timergara

26/02/2021



127

153

PAKISTAN National Identity Card

ISLAMIC REPUBLIC OF PAKISTAN

Name
Farida Bibi

Father Name
Shahzada Khan

Gender	Country of Stay
F	Pakistan

Identity Number	Date of Birth
15302-6376915-0	01.01.1990

Date of Issue	Date of Expiry
09.12.2019	09.12.2029

Holder's Signature

75167

Ex:1

15302-6376915-0

505791007764

Registrar General of Pakistan

20/02/2021

گمشدہ کارڈ ملنے پر قریبی لیٹر بکس میں ڈال دیں

12

136

حکومت پاکستان

قومی شناختی کارڈ

42201-5410593-3

نام : شہزادہ خان

جنس : مرد

والد کا نام : قمر

شناختی علامت : کوئی نہیں

تاریخ پیدائش : 1946

عثمان یوسف مبین

دستخط حامل کارڈ

دستخط رجسٹرار جنرل

E.A: 1109/11

شناختی نمبر : 42201-5410593-3 خاندان نمبر : TF5S48

موجودہ پتہ : تحصیل ریئس گرد ضلع لورالائی

مستقل پتہ : کوئٹہ تحصیل جاسٹ ضلع لورالائی

تاریخ اجراء : 21/12/2016 تاریخ تنسیخ : تاحیات

گمشدہ کارڈ ملنے پر قریبی لیٹر بکس میں ڈال دیں

1084803347

129 (157)

IW-10

23-02-2021

بیان ارشاد محمد سینئر ایگزیکٹیو نادراء آفس تیمرگرہ۔

بیان کیا کہ میں نادراء آفس تیمرگرہ میں عرصہ گیارہ سال سے تعینات ہوں۔ میں دیہہ پیٹو درہ کا رہائشی ہوں۔ زاہداللہ نائب قاصد دیہہ خونگی کا رہائشی ہے یعنی ہم سے کافی فاصلہ پر رہائش پذیر ہے۔ میرا اسکے ساتھ کوئی دوستی نہیں ہے۔ میں اسکو پہچانتا ہوں تاہم اسکے ساتھ کوئی تعلق یا واسطہ نہ ہے۔ زاہداللہ نائب قاصد عدالت تیمرگرہ کا موبائل نمبر میرے ساتھ سیو نہیں ہے۔ بدوران ڈیوٹی میں کسی کا فون اٹنڈ نہیں کرتا ہوں کیونکہ رش زیادہ ہوتا ہے اور فون ریسیو کرنے سے وقت ضائع ہوتا ہے۔ زاہداللہ نائب قاصد نے مجھے کبھی دفتری کام بابت کوئی فون یا رابطہ نہیں کیا ہے۔ بس یہی میرا بیان ہے۔

سن کر درست تسلیم کیا۔

(عیسیٰ خان آفریدی)

سینئر سول جج (ایڈمن)/انکوائری آفیسر دیر پائین

23-02-2021

IW-11

23-02-2021

بیان زاہداللہ نائب قاصد متعین ڈسٹرکٹ محافظ خانہ سیشن کورٹ دیر پائین بمقام تیمرگرہ۔

بیان کیا کہ میں میٹرک تک تعلیم یافتہ ہوں۔ میں سال 2012 میں جوڈیشری میں نائب قاصد کے پوسٹ پر بھرتی ہوا ہوں جسمیں سے فاضل عدالت سول جج اول / جوڈیشل مجسٹریٹ تیمرگرہ کے عدالت میں چھ سال گزاری ہے۔ اسکے بعد میری ٹرانسفر لعل قلعہ میدان عدالت فاضل سول جج ہوئی اور آخر میں تقریباً چار / پانچ مہینے پہلے محافظ خانہ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ دیر لوئر تیمرگرہ ٹرانسفر ہوئی ہے۔ تب سے میں ڈیوٹی محافظ خانہ میں انجام دے رہا ہوں اور سکیننگ کا کام کرتا ہوں۔ مجھے مقدمہ زیر انکوائیری کے بابت کوئی علم نہیں ہے۔ مجھے نوٹس آیا تو اسکے بعد مجھے علم ہوا کہ کوئی انکوائری ہے۔ میں مقدمہ زیر انکوائری کے مدعیہ، اسکی شوہر یا گواہان وغیرہ کو نہیں جانتا ہوں۔ میرا سول جج چہارم کے عدالت کے ریکارڈ سے کوئی واسطہ نہ ہے۔ میرا موبائل فون نمبر 03449787715 ہے۔ مجھے تقریباً بیس دن سے فون نمبرات 03032929450 اور ایک اور نمبر جس کی شروع میں 0307 آتا ہے باقی نمبر مجھے یاد نہ ہے، سے کال موصول ہوتے ہیں جس نے مجھ سے پہلے بار کال کر کے میرے بارے شناخت پوچھا۔ اسکے دون بعد کال کر کے ایک مقدمہ کے داخل دفتر بارے معلومات حاصل کی۔ مقدمہ کا مجھے عنوان یاد نہ ہے۔ بس یہی میرا بیان ہے۔

سن کر درست تسلیم کیا۔

(عیسیٰ خان آفریدی)

سینئر سول جج (ایڈمن)/انکوائری آفیسر دیر پائین

23-02-2021

130

158

IW-12

25-02-2021

بیان محمد سہیل انچارج ڈسٹرکٹ محافظ خانہ سیشن کورٹ دیر پائین بمقام تیمر گرہ۔

بیان کیا کہ مقدمہ زیر انکوائری مسماۃ فریدہ بی بی بنام نادراء مقدمہ نمبر 189/1 سال 2020 فیصلہ کردہ عدالت فاضل سول جج چہارم تیمر گرہ مورخہ 02/02/2021 کی بابت میں نے جملہ ریکارڈ محافظ خانہ وکمپیوٹر ریکارڈ روم کو پوری احتیاط کے ساتھ تلاش کیا۔ ریکارڈ مذکورہ نہ تو محافظ خانہ کو موصول شدہ ہے اور نہ ہی کمپیوٹر میں اندراج موجود ہے۔ اس کے علاوہ مجھے کسی قسم کی معلومات نہ ہے۔ بس یہی میرا بیان ہے۔

سن کر درست تسلیم کیا۔

(عیسیٰ خان آفریدی)

سینئر سول جج (ایڈمن)/انکوائری آفیسر دیر پائین

25-02-2021-

IW-13

25-02-2021

بیان محمد ریاض انچارج کاپی برانچ سیشن کورٹ دیر پائین بمقام تیمر گرہ۔

بیان کیا کہ میں بطور کاپیسٹ کاپی برانچ میں تعینات ہوں۔ عام طور پر بمطابق قواعد وضوابط نقولات کی حصول کے لئے ہمیں درخواست دیا جاتا ہے۔ درخواست کو سپرنٹنڈنٹ سیشن کورٹ تیمر گرہ حسب ضابطہ Allowed کر کے اپنا دستخط ثبت کرتا ہے۔ ہم غیر Allowed شدہ درخواست پر کبھی بھی کسی کو نقولات نہیں دیتے۔ جب ہم درخواست منظور شدہ لیتے ہیں تو پھر میں یا میرا دوسرا دفتری ساتھی درخواست کو متعلقہ انچارج ریکارڈ روم کے پاس لے جا کر محافظ خانہ سے اصل مسل برآمد کر کے مطلوبہ نقولات کاپی کرتے ہیں۔ اور بمطابق قواعد وضوابط درخواست پر سائل سے مطلوبہ سرکاری ٹکٹ لگا کر درخواست اپنی متعلقہ فائل میں رکھ کر اس کو با قاعدہ نمبر دیتے ہے۔ نمبر دینے و اندراج کے لئے ہمارے پاس با قاعدہ رجسٹر ہوتا ہے۔ مقدمہ زیر انکوائری میں بمورخہ 06-02-2021 مسمی ذاہد اللہ نائب قاصد سیشن محافظ خانہ نے ہمراہ درخواست Allowed شدہ و نقولات مقدمہ ہمراہ اصل مسل مجھے دیے دیا تو میں نے اصل مسل کو دیکھتے ہوئے حسب ضابطہ نقولات کی تصدیق مکمل کی۔ دو سیٹ مصدقہ نقولات مذکورہ عدالتی اہلکار کے حوالہ کر کے اس کو درخوست پر مطلوبہ ٹکٹ لگانے کو کہا۔ یوں درخواست پر 54 روپے ٹکٹ لگا کر میں نے درخواست کو با قاعدہ نمبر دے کر اپنے ریکارڈ پر لگایا۔ اصل درخواست مذکورہ امروز میں ہمراہ رجسٹر اندراجات لایا ہوں۔ درخواست فارم مسمی ذاہد اللہ کے ہاتھ کا پر کردہ ہے۔ جس کو انگلش کلرک شاہ حصار نے Allowed کر کے اسکا دستخط بھی موجود ہے۔ مسمی ذاہد اللہ نے بتایا کہ

131

159 IW-13

عمرزیب سائل اسکا قریبی رشتہ دار ہے اسلئے ہم نے اپنے ریکارڈ میں بعمر زیب کے نام سے نقولات جاری کئے ہیں۔ میں امروز نقل درخواست مذکورہ پیش کرتا ہوں۔ جو کہ ExIW-13/1 ہے جبکہ نقل رجسٹر اندراجات ExIW-13/2 ہے۔ چونکہ زاہداللہ نائب قاصد متعین محافظ خانہ سیشن کورٹ تیمرگرہ عدالتی اہلکار ہے اسلئے اس پر اعتماد کیا ہے اور اس سے اسطرح غیر قانونی حرکت کی ہمیں توقع نہیں تھی۔ بس یہی میرا بیان ہے۔

سن کر درست تسلیم کیا۔

(عیسیٰ خان آفریدی)

سینئر سول جج (ایڈمن)؍انکوائری آفیسر دیر پائین

25-02-2021

132 160 No 514 6-2-21

بخدمت جناب انچارج محافظ خانہ/ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج صاحب/ضلع قاضی تیمرگرہ (دیر پائین)

مسماۃ فریدہ بی بی بنام نادر وغیرہ

درخواست بمراد عطائیگی مصدقہ نقولات مسل مقدمہ نقولات حکم درخواست

بمقدمہ عنوان بالا

EX-IW 13/1

Allowed as per rule

SCJ(A)/10 Timergara 25/02/21

جناب عالی!

سائل حسب ذیل عرض گزار ہے

1: یہ کہ مقدمہ عنوان بالا بعدالت جناب سول جج IV میں زیر سماعت ہو کر مورخہ 2/02/2021 کو فیصلہ ہوا۔

2: یہ کہ مسل مقدمہ عنوان بالا داخل محافظ خانہ ہے۔

3: یہ کہ من سائل مقدمہ ہذا عدالت عالیہ میں حصول انصاف کی خاطر زیر سماعت رکھنا چاہتا ہے۔ جس کیلئے مصدقہ نقولات کی اشد ضرورت ہے۔

4: یہ کہ مصدقہ نقولات کی عطائیگی میں کوئی قانونی امر مانع نہ ہے۔

لہٰذا آنجناب سے استدعا ہے کہ بمنظوری درخواست ہذا نقول ... مقدمہ عنوان بالا حسب ضابطہ دیئے جانے کے احکامات صادر فرمائیں۔ تاکہ انصاف کے تقاضے پورے ہوں۔

العارض عمر زیب

مورخہ 04/02/021

USMAN PHOTO STATE SERVICE TIMERGARA COURTS

۲ روپیہ

۲ روپیہ

۲ روپیہ

۲ روپیہ

۲ روپیہ

۲ روپیہ

۲ روپیہ

PAKISTAN COURT FEE

۲ روپیہ

TWO RUPEES

S02	[illegible]	CT ch	50/3 019	23-1-21	4-2-21	10/-	1/	1/	1/	30/-	"	[illegible]	[illegible] 4-2-21
S03	نور الحسین بن [illegible]	CT I-T	2/1202 20	30-1-21	30-1-21	18/-	1/	1/	Nil	36/-	4-2-21	[illegible]	[illegible] 4-2-21
S04	بلال الدین بن [illegible]	CT I-T	284/1 020	15-1-21	4-2-21	9/-	1/	1/	1/	27/-	"	[illegible]	[illegible] 4-2-21
S05	[illegible]	CT SB	9/3 019	2-10-19	4-2-21	15/	1/	1/	1/	45/	"	[illegible]	[illegible]
S06	[illegible]	SeT-T	106/5 20	4-2-21	"	25/	1/	1/	1/	75/	"	[illegible]	[illegible] 4-2-21
S07	" " "	" "	65/2 20	"	"	15/	1/	1/	1/	45/	"	"	[illegible] 4-2-21
S08	[illegible]	CT 6th-T	35/1 019	26-1-21		11/-	1/		1/	33/	"	[illegible]	[illegible] 4-2-21
S09	[illegible]	[illegible]	4/1 21-1-81	1-11-87		5/	1/		1/	15/	"	[illegible]	[illegible] 4-2-21
S10	[illegible]	CT SB	48/1 013	17-2-18	"	13/		1/		39/	"	[illegible]	[illegible] 4-2-21
S11	[illegible]	CT 6th-T	1/1201 019	21-1-21	"	7/-	1/			21/	"	[illegible]	[illegible] 4-2-21
S12	[illegible]	CT I-T	178/1 020	30-9-20	3-2-20	5/-			1/	15/-	"	[illegible]	[illegible] 4-2-21
S13	[illegible]	CT 6th	13/1 019	13-1-21	4-2-21	14/	1/	1/		42/	"	[illegible]	[illegible] 4-2-21
S14	[illegible]	CT 7th-T	18/1 020	2-2-21	6-2-21	18/-	1/	1/	1/	54/-	6-2-21	[illegible]	[illegible] 6-2-21
S15	[illegible]	SeT-T	56/1 020	28-1-21	"	8/-	1/	1/	1/	24/-	"	[illegible]	[illegible] 6-2-21
S16	[illegible]	ADT T	2/1-20	[illegible]	4-2-21	10/-	1/-	1/-	1/-	30/-	"	[illegible]	[illegible]

EX: 10 13/2

SCBA 110
Muzaffar
25-02-2021

162

133

IW-14

27-02-2021.

دوبارہ بیان مسمی عمرزیب ولد باچازادہ ساکن حیاسیری تحصیل بدامبٹ دیر پائین (مختیار/شوہر مدعیہ مقدمہ زیر انکوائری)

بیان کیا کہ جس دن میں عدالت تیمرگرہ بغرض دائر کرنے مقدمہ آیا تھا تو میں مسمی زاہداللہ کے ساتھ براہ راست مل کر اس کے حلیہ کو دیکھ کر اس سے NADRA کے خلاف مقدمہ کرنے بارے پوچھا تو اس نے کہا کہ میں وکیل ہوں اور یہ مقدمہ میں کروں گا۔ میرے ساتھ اس نے مبلغ -/20000 روپیہ فیس پر بات کی اور مجھے کہا کہ مبلغ -/10000 روپیہ ہمراہ شناختی کارڈ نقولات مدعیہ، شوہر مدعیہ والد مدعیہ اور میرے برادر کے نقل شناختی کارڈ حوالہ کرے جب کہ باقی ماندہ فیس مبلغ -/10000 روپیہ مقدمہ ڈگری ہونے پہ حوالہ کرے۔ یوں میں نے اس کے ساتھ مقدمہ متعلق بات کر کے گھر چلا گیا اور اگلے روز اپنے ساتھ مطلوبہ نقولات شناختی کارڈ ہائے لیکر عدالت آیا اور مسمی زاہداللہ کے ساتھ رابطہ کیا تو اس نے مجھے برامدے میں ایک کمرے میں ساتھ بٹھایا۔ میں نے نقولات شناختی کارڈ ہائے مذکورہ حوالہ کر کے ساتھ مبلغ -/6000 روپیہ بھی نقد ادا کی تو مسمی زاہداللہ نے کہا کہ آج ہی مجھے -/10000 روپیہ پوری کر کے دے دیں۔ میں نے سوچا کہ بقایا چار ہزار روپیہ کے لیے میں دوبارہ گھر سے نہیں آسکتا تو میں نے اپنے ایک تعلق دار دکاندار ریاض کیمیکل واقع بازار تیمرگرہ کو بذریعہ موبائل رابطہ کر کے مسمی زاہداللہ سے کہا کہ وکیل صاحب آپ مذکورہ ریاض کیمیکل والے کے دکان پہ جائے میں اس کو فون کر کے وہ میرے کھاتے میں تم کو بقایا مبلغ -/4000 روپیہ ادا کرے گا۔ یوں جب مسمی زاہداللہ ریاض کیمیکل والے کے دکان پہ گیا تو اس نے مجھے فون کیا کہ میں مذکورہ دکان آیا ہوں۔ میں نے مذکورہ ریاض حاجی صاحب کو فون کر کے کہا تو اس نے مجھے جواباً کہا کہ میں دکان سے باہر ہوں تاہم میرا چھوٹا بھائی دکان میں موجود ہے وہ مذکورہ زاہداللہ کو ابھی اس وقت چار ہزار روپیہ حوالہ کرے گا۔ اسی طرح پھر میں نے زاہداللہ کو فون کر کے پوچھا تو وہ بیانی ہوا کہ ریاض حاجی صاحب کے بھائی نے مجھے چار ہزار روپیہ حوالہ کئے ہیں آپ میرے ساتھ رابطہ رکھے جب مقدمہ کی کاغذات تیار ہو جائے تو میں آپ کو بتاوں گا۔ یوں تقریباً ایک مہینے بعد بوقت مغرب مسمی زاہداللہ نے مجھے فون کر کے کہا کہ تمھارے کاغذات تیار ہیں کل آجائے اپنی کاغذات ساتھ لے جائے ور بقایا فیس مبلغ -/10000 روپیہ بھی ساتھ لائے۔ اسی طرح دوسری دن میں ہمراہ میرے دوست مسمی عمردراز تیمرگرہ بازار آکر مسمی زاہداللہ سے رابطہ کیا تو اس نے کہا کہ شہید چوک کے قریب ہوٹل آجائے میں وہی پر آپ کا انتظار کر رہا ہوں۔ اسی طرح عمردراز جو کہ پیشے کے لحاظ سے رنگساز ہے کہ ہمراہ ہوٹل جا کر مسمی زاہداللہ کے ساتھ ملے اس نے ہمیں ہوٹل میں چائے پلائی اور چائے کے پیسے اس نے ہوٹل والے کو ادا کئے اسی دوران اس نے مجھے دو عدد سیٹ نقولات مصدقہ مقدمہ حوالہ کئے اور میں نے بموجودگی مسمی عمردراز زاہداللہ کو بقایا فیس مبلغ دس ہزار

27-02-2021

135 (164) IW-14

روپیہ ادا کیے۔ ذاہد اللہ نے کاغذات کے پشت پر اپنا موبائل نمبر تحریر کرتے ہوئے کہا کہ ان کاغذات کو NADRA دفتر لے جا کر ارشاد نامی اہلکار کے حوالہ کرے وہ تمھارا کام کرے گا۔ اگر کوئی مسئلہ ہو تو میرے ساتھ اس نمبر پر رابطہ کرے۔ ان حقائق کے علاوہ میں اپنی سابقہ بیان ہمراہ مظہر شدہ دستاویزات پر اکتفاء کرتا ہوں۔ اس موقع پر مسمی ذاہد اللہ نائب قاصد سیشن محافظ خانہ کو بہ ہمراہیت زبیر شاہ سپرنٹنڈنٹ، سفید محمد خان کمپیوٹر اپریٹر و شاہ حصار انگلش کلرک سیشن کورٹ تیمر گرہ بلایا گیا جسکو بیان دہندہ نے پہچان کر تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ یہ وہی مذکورہ ذاہد اللہ ہے جس کے ساتھ میرا لین دین ہوا تھا۔ یہی میرا بیان ہے۔

سن کر درست تسلیم کیا۔

(عیسیٰ خان آفریدی)

سینئر سول جج (ایڈمن)/انکوائری آفیسر

IW-15

27-02-2021

بیان مسمی عمر دراز ولد سلطان محمود ساکن منجائی حال مقیم حیا سیرئی تحصیل بلامبٹ دیر پائین۔

بیان کیا کہ مسمی عمر زیب ولد باچا زادہ ساکن حیا سیرئی میرا قریبی دوست ہے تقریباً عرصہ 21/22 دن پہلے مسمی عمر زیب نے مجھے کہا کہ میرے ساتھ عدالت تیمر گرہ چلیں میں وکیل صاحب سے اپنے مقدمہ کی نقولات وصول کرنا چاہتا ہوں اور اسکا بقایا فیس ادا کرتا ہوں یوں میں ہمراہ مسمی عمر زیب تیمر گرہ بازار آ کر عمر زیب نے وکیل صاحب کو فون کیا تو اس نے کہا کہ شہید چوک تیمر گرہ کے قریب ہوٹل آ جائیں میں ادھر تمھارا انتظار کرونگا۔ یہ تقریباً عصر 4 بجے کا وقت تھا ہم شہید چوک کے قریب ہوٹل میں گئے تو ادھر زاھد اللہ نامی ایک امیر صاحب کے ساتھ ملے، مسمی زاھد اللہ نے ہمیں چائے پلائی اور چائے کے پیسے بھی اس نے ادا کیے۔ اور اسی دوران ہوٹل میں عمر زیب نے میری موجودگی میں مبلغ دس ہزار روپیہ Rs.10000= مسمی زاہد اللہ امیر صاحب کو ادا کیے اور اس نے عمر زیب کو دو سیٹ نقولات مقدمہ حوالہ کیے۔ اگر مذکورہ زاہد اللہ میرے سامنے آ جائے تو میں اس کو پہچان سکتا ہوں۔ اس موقع پر مسمی ذاہد اللہ نائب قاصد سیشن محافظ خانہ کو بہ ہمراہیت زبیر شاہ سپرنٹنڈنٹ، سفید محمد خان کمپیوٹر اپریٹر و شاہ حصار انگلش کلرک سیشن کورٹ تیمر گرہ بلایا گیا بیان دہندہ نے پہچان کر کے تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ یہ وہی مذکورہ ذاہد اللہ ہے جسکو میرے موجودگی میں عمر زیب نے مبلغ -/10,000 روپے ہوٹل میں دیگر نقولات مقدمہ حاصل کیے تھے۔ میں امروز اپنا شناختی کارڈ ساتھ لایا ہوں جسکی نقل پیش کرتا ہوں جو کہ EX:IW-15/1 ہے۔ بس یہی میرا بیان ہے۔

سن کر درست تسلیم کیا۔

(عیسیٰ خان آفریدی)

سینئر سول جج (ایڈمن)/انکوئری آفیسر دیر پائین

27-02-2021

136

(165)

حکومت پاکستان

قومی شناختی کارڈ

15306-0181305-9

نام: عمر دراز خان

جنس: مرد

والد کا نام: سلطان محمود

شناختی علامت: کوئی نہیں

تاریخ پیدائش: 1975

عثمان یوسف مبین

دستخط حامل کارڈ — دستخط رجسٹرار جنرل

EX:IW-15/1

SC(A)10
27/02/2021

شناختی نمبر: 15306-0181305-9 خاندان نمبر: S46B7C

موجودہ پتہ: منجائی، تحصیل بلامبٹ، ضلع لوئر دیر

مستقل پتہ: ایضاً

10875166534

تاریخ اجراء: 08/11/2015 تاریخ تنسیخ: 08/11/2025

گمشدہ کارڈ ملنے پر قریبی لیٹر بکس میں ڈال دیں

137

166

IW-16

03-03-2021

بیان مسمی محمد ریاض ولد روشن علی ساکن تیمر گرہ دیر پائین (مالک ریاض کیمکلز ڈیلر تیمر گرہ ضلع دیر پائین۔)

بیان کیا کہ مجھے مسمی عمر زیب ولد باچا زادہ ساکن حیا سیری جو کہ میرے دکان سے سودا وغیرہ لینے کے لئے آتا جاتا ہے نے بذریعہ موبائل فون کر کے کہا کہ میں نے آپ کے دکان پہ ایک شخص بھیجا ہے جسکا نام زاہد اللہ ہے۔ آپ میرے کھاتے میں مذکورہ زاہد اللہ کو مبلغ چار ہزار روپے (4000/-) دے دیں تو میں نے اس کو کہا کہ اس وقت میں اپنے دکان سے باہر ہوں البتہ میں اپنے بھائی ہدایت خان کو فون کرتا ہوں وہ پیسے دیگا۔ اسطرح میں نے اپنے بھائی ہدایت خان کو فون کیا کہ عمر زیب کا ایک مہمان آیا ہے جس کا نام زاہد اللہ ہے، اسکو چائے بھی پلائے اور ساتھ عمر زیب کے کھاتے میں چار ہزار روپے (4000/-) بھی دے دیں تو میرے بھائی ہدایت خان نے میرے کہنے پر مذکورہ شخص کو 4000/- روپے دئے تھے۔ رقم مذکورہ چند دن بعد مسمی عمر زیب نے ہمیں واپس اداء کی ہے۔ میں نے مذکورہ زاہد اللہ کو بذات خود نہیں دیکھا ہے کیونکہ میں اس وقت دکان میں موجود نہیں تھا البتہ میرے بھائی ہدایت خان نے اسکو رقم دیا تھا تو وہ زاہد اللہ کو پہچان سکے گا۔ میں امروز اپنا اصل شناختی کارڈ ساتھ لایا ہوں جس کا نقل پیش کرتا ہوں جو کہ ExIW-16/1 ہے۔ اسطرح میں اپنے دکان کا کارڈ پیش کرتا ہوں جسکا نقل ExIW-16/2 ہے۔ بس یہی میرا بیان ہے۔

سن کر درست تسلیم کیا۔

(عیسیٰ خان آفریدی)

سینئر سول جج (ایڈمن)/انکوائری آفیسر دیر پائین

03-03-2021-

168

(167)

حکومت پاکستان

قومی شناختی کارڈ

5302-0865352-1

نام: محمد ریاض

جنس: مرد

والد کا نام: روشن علی

شناختی علامت: کوئی نہیں

تاریخ پیدائش: 1965

دستخط حامل کارڈ

عثمان یوسف مبین

دستخط رجسٹرار جنرل

EX: PW-16/1

SCJ(X)/JFC
Timergara
03-03-2021

شناختی نمبر: 15302-0865352-1 خاندان نمبر: T5Y5W3

موجودہ پتہ: تیمر گرہ، ضلع لوئر دیر

مستقل پتہ: ایضاً

تاریخ اجراء: 01/10/2015 تاریخ تنسیخ: 01/10/2025

گمشدہ کارڈ ملنے پر قریبی لیٹر بکس میں ڈال دیں

100912023352

(168)

139



EX: IW: 16/2

SCJ(A)/JFC
Timergara
03-03-2021

140

169

IW-17

03-03-2021

بیان مسمی ہدایت خان ولد روشن علی ساکن شنگرئی تیمر گرہ دیر پائین۔
(برادر محمد ریاض مالک ریاض کیمکلز ڈیلر تیمر گرہ ضلع دیر پائین)

بیان کیا کہ عمر زیب ولد باچازادہ ساکن حیا سیری ہمارے دکان واقع بازار تیمر گرہ الموسوم ریاض کیمکلز ہم سے سودا لینے کے لئے آتا جاتا ہے۔ ایک روز ایک بندہ دکان میں آکر عمر زیب کو بذریعہ موبائل کال کر کے مجھے عمر زیب سے بات کرنے کے لئے موبائل دے دیا۔ مسمی عمر زیب نے مجھے فون پر کہا کہ اس بندہ کو میرے کھاتے میں مبلغ -/4000 روپیہ دے دیں۔ تو میں نے کہا کہ میرا بڑا بھائی محمد ریاض حاجی صاحب دکان میں موجود نہ ہے اس سے رابطہ کر کے اجازت لے لیں۔ جس کے بعد میرے بڑے بھائی محمد ریاض حاجی صاحب نے مجھے فون کر کے کہا کہ عمر زیب کا ایک مہمان دکان پہ آیا ہے اسکو عمر زیب کے کھاتے میں -/4000 روپے دے دیں اور اسکو چائے بھی پلائے۔ تو میں نے اپنے بڑے بھائی کے اجازت سے عمر زیب کے بھیجے ہوئے شخص کو مبلغ -/4000 روپے دیے تھے جو کہ کچھ عرصہ بعد مذکورہ عمر زیب نے ہمیں واپس کئے ہیں۔ ہم کاروباری لوگ ہیں۔ ہمارے دکان پر روزانہ سینکڑوں لوگ آتے ہیں۔ ہم صرف ان لوگوں کو جانتے ہیں جو معمول کے مطابق ہمارے گاہک ہوتے ہیں اور ہمارے ساتھ لین دین کرتے ہیں۔ اس وجہ سے اگر مذکورہ شخص مسمی زاہداللہ میرے سامنے آجائے تو شائد میں نہ پہچان سکوں کیونکہ مذکورہ شخص کو نہ کبھی پہلے دیکھا ہے اور نہ پیسے دینے کے بعد دیکھا ہے۔ میں امروز اپنا اصل شناختی کارڈ ساتھ لایا ہوں جس کا نقل پیش کرتا ہوں جو کہ ExIW-17/1 ہے۔
بس یہی میرا بیان ہے۔

سن کر درست تسلیم کیا۔

(عیسیٰ خان آفریدی)

سینئر سول جج (ایڈمن)/انکوائری آفیسر دیر پائین
03-03-2021-

441

170

PAKISTAN National Identity Card

ISLAMIC REPUBLIC OF PAKISTAN

Name
Hidayat Khan
ہدایت خان

Father Name
Roshan Ali
روشن علی

Gender	Country of Stay
M	Pakistan

Identity Number	Date of Birth
15302-6425491-1	12.04.1983

Date of Issue	Date of Expiry
15.09.2020	15.09.2030

Holder's Signature

EX:IW-17/1

Ejaz/JFC Timergara 03-03-2021

موجودہ پتہ: ڈھرکی، ڈاکخانہ تیمرگرہ، ضلع لوئر دیر

15302-6425491-1

مستقل پتہ: ڈھرکی، ڈاکخانہ تیمرگرہ، ضلع لوئر دیر

101081193280

Usman Y. Mobin
Registrar General of Pakistan

گمشدہ کارڈ ملنے پر قریبی لیٹر بکس میں ڈال دیں

142

(171)

IW-18

18-03-2021

بیان محمد جنید عالم سول جج/علاقہ قاضی-IV تیمرگرہ دیر پائین ۔

بیان کیا کہ میں بطور سول جج /علاقہ قاضی -IV تیمرگرہ ضلع دیر پائین میں تعینات ہوں۔ مورخہ 10 فروری 2021 کو بوقت آخر مسل ہائے مقدمہ جات کی دستخطی کر رہا تھا کہ اس دوران محرر عدالت نے کمرہ محرر سے مسل مقدمہ بعنوان مسماۃ فریدہ بی بی بنام نادرا وغیرہ میرے سامنے بابت داخل محافظ خانہ کرنے برائے دستخطی پیش کیا۔ اور بتایا کہ مسل مقدمہ مذکورہ میں ایک دستخط برائے پرچہ ڈگری تصدیق باقی ہے، تاکہ بعداز دستخط محافظ خانہ بھیجوایا جائے۔ جیسے ہی میرے سامنے صفحہ کھولا گیا، مجھے صفحہ مذکورہ پر پہلے سے ثبت شدہ دستخط پر شک گزرا۔ میں نے اسی وقت مسل مقدمہ مذکور اپنی تحویل میں لے کر فوراً جناب سینئر سول جج (ایڈمن) صاحب تیمرگرہ کو بذریعہ انٹرکام مذکورہ صورت حال سے آگاہ کیا۔ جناب سینئر سول جج (ایڈمن) صاحب نے مجھے مسل مقدمہ کا بغور جائزہ لینے کے احکامات صادر کئے، اور ساتھ ہی بتایا کہ وہ مذکورہ واقعہ جناب ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج صاحب کے علم میں لائیں گے۔ اگلی صبح مورخہ 11 فروری 2021 کو میں نے مسل مقدمہ کا بغور جائزہ لیا اور چھان بین کی تو معلوم ہوا کہ مسل مقدمہ پر موجود انڈکس جو کہ ExIW-18/1، آرڈرشیٹ نمبرات 1 تا 6 و بلانمبر (7) جو کہ ExIW-18/2 مشتمل بر تین صفحات ہیں، آرڈرشیٹ نمبر 8 جو کہ ExIW-18/3 صفحہ جات حکم وفیصلہ وڈگری و پرچہ ڈگری جو کہ مشتمل بر چھ صفحات ہیں ExIW-18/4 ہے۔ عرضیدعویٰ مشتمل بر دو قطعات ExIW-18/5 ہے، جواب دعویٰ ExIW-18/6 ہے۔ تنقیحات ExIW-18/7 ہے، فہرست گواہان مدعیہ ExIW-18/8 ہے، نقل شناختی کارڈ والد مدعیہ ExIW-18/9 ہے، بیان حلفی والد مدعیہ ExIW-18/10 ہے، نقل شناختی کارڈ شوہر مدعیہ ExIW-18/11 ہے۔ بیان حلفی شوہر مدعیہ ExIW-18/12 ہے، بیان PW-1 جو کہ ExIW-18/13 ہے۔ بیان PW-2 جو کہ ExIW-18/14 ہے، بیان PW-3 جو کہ ExIW-18/15 ہے۔ مختیار نامہ منجانب مدعیہ بحق شوہر خود ExIW-18/16 ہے، اقراری لیٹر منجانب مدعا علیہان بحق نمائندہ محمد نثار ExIW-18/17 ہے، نقل شناختی کارڈ والد مدعیہ ExIW-18/18 ہے، نقل شناختی کارڈ مدعیہ ExIW-18/19 ہے جبکہ نوٹس اطلاعیابی بنام مدعا علیہان ExIW-18/20 ہے، میں بعض پر میرے دستخط ہائے جعلی، فرضی و خودساختہ ہیں جبکہ بعض دستاویزات پر تاریخ پیشی عدالت میں تحریف موجود ہے۔ جسکی تفصیل یوں ہے کہ آرڈرشیٹ نمبر 1، 2، 3 و نمبر 7 (بلانمبر) کے تواریخ و نیز عرضیدعویٰ، جواب دعویٰ، فہرست گواہان منجانب مدعیہ، نقل شناختی کارڈ والد مدعیہ مسمی شہزادہ خان، بیان حلفی والد مدعیہ، و نقل شناختی کارڈ شوہر مدعیہ مسمی عمرزیب، بیان حلفی شوہر مدعیہ، و مختیار نامہ منجانب مدعیہ بحق شوہر اش، اقراری لیٹر منجانب مدعا علیہان بحق نمائندہ مسمی محمد نثار، و نقل شناختی کارڈ والد مدعیہ، نقل شناختی کارڈ مدعیہ پر موجود تاریخ ہائے تحریف شدہ ہیں۔ جبکہ انڈکس، آرڈرشیٹ نمبر 4 و 5 و 6 و 7 (بلا

18-03-2021

نمبر) و8 پر میرے دستخط ہائے کلہم جعلی وخودساختہ وفرضی ثبت کئے گئے ہیں۔ اسی طرح فیصلہ و ڈگری و پرچہ ڈگری جاری شدہ بھی فرضی وجعلی وخودساختہ ہے، جبکہ ان پر میرے دستخط ہائے بھی جعلی، خودساختہ وفرضی طور پر ثبت کئے گئے ہیں۔ اسی طرح جواب دعویٰ منجانب مدعا علیہان کے عنوان و مضمون و اتھارٹی لیٹر منجانب مدعا علیہان جاری شدہ بحق نمائندہ محمد نثار کے عنوان میں بھی واضح تحریف موجود ہے۔ سی طرح جواب دعویٰ کے ملاحظہ سے واضح ہوتا ہے کہ اسمیں بہت حد تک دیگر تحریف و قلم زنی کی گئی ہے۔ علاوہ ازیں آرڈر شیٹ نمبر 8 کی تاریخ 02-02-2021 و تنقیحات کی تاریخ 12-01-2021 بھی غلط وخودساختہ ہیں۔

بعد از تفصیلی ملاحظگی مسل میں نے عدالت خود کے تمام اہلکاران کو برائے ابتدائی تحقیقات ریٹائرنگ روم میں طلب کیا۔ اور اس واقعہ بابت پوچھ گچھ کی۔ تمام اہلکاران عدالت جن میں ریڈر آمیر زادہ، سٹینوگرافر محمد غفور، کمپیوٹر اپریٹر لیاقت علی، محرر علی زمان شامل ہیں، نے مشترکہ طور بتایا کہ مذکورہ جعلی وفرضی کاروائی محرر عدالت محمود عالم نے خود تسلیم کی ہے۔ محرر محمود عالم کو طلب کیا تھا، تاہم وہ اس وقت کمرہ خود میں موجود نہ تھا، اور تا وقت اختتام عدالت حاضر نہ آیا۔ مابعد میں نے عدالتی امور نمٹائے اور ملاحظگی مسل و ابتدائی تحقیقات بارے جناب سینئر سول جج صاحب (ایڈمن) کو آگاہ کیا، آپ نے ہدایت کی کہ اس بارے تحریری مراسلہ جناب سیشن جج صاحب کو ارسال کروں۔ بعد از چھٹی میں گھر خود واقع جوڈیشل کالونی چلا گیا۔ بوقت عصر محرر محمود عالم بھمراہی نائب قاصد عدالت سول جج-1 مسمی ضیاء الرحمان میرے گھر آئے۔ محرر محمود عالم نے میرے سامنے اپنے جرم کا اعتراف کیا، نیز خود کو ملامت کیا، اور معافی کا خواست گار ہوا۔ بوجہ گھر خود میں ہونے کے محرر محمود عالم کا بیان باضابطہ طور پر قلمبند نہ کر سکا۔ اگلی صبح مورخہ 12 فروری 2021 کو میں نے بعد از تفصیلی ملاحظگی مسل، ابتدائی تحقیقات و اعتراف جرم محرر محمود عالم، باضابطہ طور جناب ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج صاحب تیمرگرہ کو بذریعہ تحریری شکایتی مراسلہ آگاہ کیا۔ جسکا ریفرنس نمبر 13/CJ-IV/TMG مورخہ 12/02/2021 ہے۔ جبکہ اسی دن میں نے ضابطہ فوجداری کی دفعات 190-A و 195 کے تحت جناب مجسٹریٹ-1 تیمرگرہ کو برخلاف محرر محمود عالم استغاثہ بھی ارسال کیا۔ مابعد مورخہ 15-02-2021 کو اصل مسل مقدمہ جناب سینئر سول جج (ایڈمن) کو برائے انکوائری حوالہ کیا۔ بس یہی میرا بیان ہے۔

سن کر درست تسلیم کیا۔

(عیسیٰ خان آفریدی)

سینئر سول جج (ایڈمن) /انکوائری آفیسر دیر پائین
18-03-2021

144

(173) انڈکس

بعدالت جناب محمد جنید عالم سول جج/علاقہ قاضی-IV تیمرگرہ دیر پائین

مقدمہ نمبر 188/1 ابتدائی رجوعہ: 21-12-021 تاریخ رجوعہ عدالت ہذا: 21/12/021

سال: 2020 تاریخ فیصلہ: 02-02-021

[illegible] بنام [illegible]

نمبر شمار	تفصیل کاغذات	صفحات
1	[illegible]	11
2	[illegible]	10
3	[illegible]	9
	E 14-18 [illegible] SC TIO 18-3-2021	
مسل مقدمہ مشتمل بر 30 قطعات بعد از ترتیب و تکمیل کے داخل محافظ خانہ شد۔		30

تصدیق: ریکارڈ ہذا قواعد و ضوابط کے مطابق مرتب کیا گیا اور درست حالت میں ہے۔

نمبر: 33

تاریخ: 6/2/021

(محمد جنید عالم)
سول جج/علاقہ قاضی-IV
تیمرگرہ دیر پائین

Lower Timergara [illegible]

145 (2)

(179)

FORM "A"

FORM OF ORDER SHEET

Court of Senior Civil Judge/AIQ Dir Lower at Timergara

Case No. ______________________ of ______________________

Title ______________________ Vs ______________________

Serial No. of Order or Proceedings	Date of Order or Proceedings	Order or other Proceedings with Signature of Judge or Magistrate and that of parties or counsel where necessary	
1	2	3	
[illegible]	29-12-020	دعویٰ ہذا اصالتاً داخل شد۔ برائے سماعت سول جج IV سپرد کیا جاتا ہے۔ مثل آج ہی بعدالت موصوف مرسل ہو۔ E 14-18 (3 pages) Shamsul [illegible] Senior Civil Judge/AIQ, Dir Lower at Timergara 11-3-2021	
		دعویٰ از عدالت جناب سینئر سول جج / علاقہ قاضی تیمرگرہ سے بغرض سماعت موصول شد۔ بعد از پڑتال پیش ہے۔ [signature] [stamp] سول جج چہارم / علاقہ قاضی تیمرگرہ دیر پائین	0-2 29-01-21
		جناب عالی! پڑتال کی گئی۔ دعویٰ مشتمل دو قطعات، فہرست گواہان، بیان حلفی، مختارنامہ و نقولات۔ بعد از پڑتال پیش حضور ہے۔ [signature]	

(3)

No. of Order Proceedings	Date of Order or Proceedings	Order or other Proceedings with Signature of Judge or Magistrate and that of parties or counsel where necessary
1	2	3
0—3	29-12-21	مدعیہ بذریعہ وکیل حاضر۔ مندرجات دعویٰ درست تسلیم کرتا ہے۔ درج رجسٹر متعلقہ ہو کر نوٹس بنام مدعا علیہم برائے 6/1/21 کیلئے جاری ہو۔ وکیل مدعیہ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ مدعا علیہم نمبر 1 تا 4 کیلئے اندر سہ یوم رجسٹری لفافہ/کارڈ AD جمع کریں۔ (دستخط) [stamp: سول جج درجہ اول]
0—4	6/1/021	مدعیہ بذریعہ وکیل حاضر، مدعا علیہم حاضر نہ ہوئے طلبی شد۔ مدعیہ کو شہادت پیش کرنے کی اجازت دی جاتی ہے۔ مسل برائے شہادت ملاحظہ اشتہار مورخہ 11-1-021 کو پیش ہو۔ مکرر آنکہ غائب شدہ مدعا علیہم حاضر عدالت ہوا۔ PP دی گئی۔ (دستخط)
0—5	11-1-21	مدعیہ بذریعہ وکیل حاضر۔ ... حاضر ... مدعا علیہم پیش ہو ...

1146 (4 176

FORM "A"
FORM OF ORDER SHEET
Court of Civil Judge/IQ ______ Dir Lower at ______

Case No. ______ of ______

Title ______ Vs ______

Serial No. of Order or Proceedings	Date of Order or Proceedings	Order or other Proceedings with Signature of Judge or Magistrate and that of parties or counsel where necessary
1	2	3
		مورخہ 18.1.21 کو شہادت مدعی پیش ہو۔ [signature]
0-6	18.1.21	مدعیہ معہ وکیل بذریعہ [illegible] حاضر۔ مدعا علیہم بذریعہ [illegible] شدہ حاضر۔ شہادت مدعیہ بالترتیب PW1 تا PW3 قلمبند ہوئی۔ مسل [illegible] مورخہ 22.1.21 بحث کو پیش ہو۔ [signature]
		مدعیہ معہ وکیل بذریعہ [illegible] حاضر۔ مدعا علیہم بذریعہ [illegible] شدہ حاضر۔ بحث [illegible] مورخہ 25.1.21 [illegible] [signature] [stamp]

بعدالت محمد جنید عالم سول جج چہارم بمقام تیمر گرہ دیر پائین۔

حکم نمبر 08

02/02/2021

مدعیہ مختیار تاً جبکہ مدعاعلیہم بذریعہ نمائندہ حاضر۔ بحث بر مقدمہ سماعت شد۔ مسل ملاحظہ شد۔

بروئے مفصل فیصلہ امروزہ مشتمل بر چار اوراق دعویٰ مدعیہ بدیں طور فیصلہ کیا جاتا ہے کہ مدعیہ اپنا دعویٰ بذریعہ شہادت ڈگری کرنے میں کامیاب رہا۔ لہذا بروئے مفصل بحث بر تنقیحات دعویٰ ہذا بحق مدعیہ ڈگری کیا جاتا ہے اور مدعاعلیہم کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے ریکارڈ میں مدعیہ کی درست وصحیح تاریخ پیدائش 01/01/1982 کا تصحیحی اندراج کرے۔ عدالت واضح کرتی ہے کہ ڈگری ہذا کا اطلاق، اگر مدعیہ کسی بھی سرکاری، نیم سرکاری، یا دیگر کسی بھی ادارے میں ملازمہ پایا گیا، ہرگز مدعیہ کے حق میں نہ ہوگا۔ مخصوص حالات تناظر کی روشنی میں خرچہ بذمہ فریقین ہوگا۔ مسل بعد از ترتیب وتکمیل داخل محافظ خانہ ہو۔

حکم سنایا گیا۔

02/02/2021

محمد جنید عالم

سول جج چہارم تیمر گرہ ضلع دیر پائین

بعدالت محمد جنید عالم سول جج چہارم بمقام تیمرگرہ دیر پائین۔

مقدمہ نمبر: 189/1 سال: 2020

رجوعہ: 29/12/2020 تاریخ فیصلہ: 02/02/2021

فریدہ بی بی زوجہ عمرزیب دختر شہزادہ خان سکنہ کوٹ بالا حیاسیری تحصیل بلامبٹ ۔۔۔۔(مدعی)

بنام

۱۔ چیئرمین نادرا حکومت پاکستان اسٹیٹ بنک بلڈنگ بمقام اسلام آباد۔

۲۔ ڈائریکٹر نادرا حکومت پاکستان اسٹیٹ بنک بلڈنگ بمقام اسلام آباد

۳۔ چیئرمین نادرا خیبر پختونخواہ بمقام حیات آباد پشاور۔

۴۔ ڈائریکٹر نادرا خیبر پختونخواہ بمقام حیات آباد پشاور۔

۵۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر نادرا سوئفٹ سنٹر تیمرگرہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(مدعا علیہم)

﴿دعویٰ استقرار حق وصدور حکم تاکیدی﴾

فیصلہ:

مختصر حالات مقدمہ بمطابق دعویٰ کچھ یوں ہیں کہ مدعیہ کی درست وصحیح تاریخ پیدائش 01/01/1982 ہے ،جبکہ مدعا علیہم کی جانب سے مدعیہ کے حق میں جاری شدہ اسناد میں غلط طور پر تاریخ پیدائش مدعیہ 01/01/1990 درج ہے ، جو قابل تصحیح ہے۔ نیز مدعیہ نے دعویٰ خود میں متوقف اختیار کیا ہے کہ اگر قومی شناختی کارڈ میں درستگی/تصحیح نہ کرنے کیصورت میں مدعیہ کو مستقبل میں مشکلات کا بھی خدشہ ہے۔ مدعا علیہم کو ہر چند تصحیح کیلئے کہا گیا اور انکار کیصورت میں نالش ہذا کی ضرورت لاحق ہوئی۔

مدعا علیہم حسب ضابطہ طلب کیے گئے۔ مدعا علیہم نے بذریعہ نمائندہ حاضر ہو کر بروئے حکم نمبر ۵ جوابدعویٰ داخل کیا۔ جس میں کئی عذرات تمہیدی و واقعاتی اٹھاتے ہوئے دعویٰ مدعیہ سے انکار کیا گیا۔ مصالحت مابین فریقین ممکن نہ تھی لہذا تضادات مئوقف ہائے فریقین کی روشنی میں درج ذیل تنقیحات مورخہ 13/01/2021 کو وضع کیے گئے۔

۱۔ کیا مدعیہ کو بنائے دعویٰ حاصل ہے؟OPP

۲۔ کیا مدعیہ کا درست وصحیح تاریخ پیدائش 01/01/1982 ہے جبکہ مدعا علیہم نے غلط طور پر ریکارڈ میں تاریخ پیدائش مدعیہ 01/01/1990 درج کیا ہے؟OPP

۳۔ کیا مدعیہ ڈگری مستدعیہ کا حقدار ہے؟

دادرسی۔

وضع شدہ تنقیحات پر فریقین کو شہادت پیش کرنے کا بھرپور موقع فراہم کیا گیا۔ مدعیہ نے اپنے مئوقف کے تائید میں کل تین گواہان پیش کیئے۔ جبکہ نمائندہ نادرا اسسٹنٹ سپریٹنڈنٹ بطور DW1 پیش ہوئے۔ نمائندہ مدعا علیہم نے اپنا اختیار نامہ اور مدعیہ کے نسبت کوائف اور ڈیٹا انفارمیشن پیش کیئے۔

مسل مقدمہ ملاحظہ شد۔ بحث بر مقدمہ سماعت شد۔

وکیل مدعیہ نے بحث کرتے ہوئے کہا کہ مدعیہ کا مئوقف دستاویزی ثبوت کیساتھ ساتھ زبانی شہادت سے ثابت ہے۔ مدعا علیہم دفاع کرنے میں ناکام رہے لہذا دعویٰ بحق مدعیہ ڈگری فرمایا جائے۔ نمائندہ مدعا علیہم نے دفاع کرتے ہوئے مئوقف اپنایا کہ مدعیہ کی فراہم کردہ معلومات رکوائف کی روشنی میں شناختی کارڈ جاری کیا گیا ہے۔ دعویٰ مدعیہ بدیں وجہ قابل اخراج ہے۔

دلائل وکلاء فریقین اور مسل پر موجود مواد کے روشنی میں وضع شدہ تنقیحات پر ترتیب وار بحث درج ذیل ہے۔

تنقیح نمبر 1:

تنقیح ہذا کا بار ثبوت بذمہ مدعیہ تھا۔ چونکہ مدعا علیہم کے جاری کردہ اسناد بحق مدعیہ اور مدعیہ کی پیش کردہ دستاویزات میں واضح تضاد نسبت تاریخ پیدائش مدعیہ موجود ہے، جس سے حقوق مدعیہ متاثر ہوئے ہیں۔ بدیں وجہ عدالت اس نتیجے پر پہنچی کہ مدعیہ کو بنائے دعویٰ حاصل ہے۔ لہذا تنقیح زیر بحث مثبت میں بحق مدعیہ فیصلہ کیا جاتا ہے۔

تنقیح نمبر 2:

تنقیح ہذا کا بار ثبوت بذمہ مدعیہ تھا۔ مدعیہ دعویٰ خود میں موقف اختیار کیا ہے کہ مدعیہ کا درست وصحیح تاریخ پیدائش 01/01/1982 ہے، جبکہ مدعا علیہم نے اپنے ریکارڈ و دیگر دستاویزات جاری شدہ بنام مدعیہ میں غلط طور تاریخ پیدائش 01/01/1990 اسکے برعکس دوران شہادت اپنے جرح بر بیان میں DW1 محمد نثار (نمائندہ نادرا) بیانی ہوئے ''کہ کوائف فارم مدعی میں نے خود پر نہیں کیا ہے۔ مزید جرح بر بیان میں تسلیم کرتا ہے کہ مدعیہ کی درست تاریخ پیدائش کے نسبت والد مدعیہ کو خوب علم ہوتا ہے۔ مزید درستگی / تصحیح در ریکارڈ مدعیہ سے کسی کی حق تلفی نہیں ہوگی''۔ اسی طرح مدعا علیہم اپنے ریکارڈ میں درج تاریخ پیدائش مدعیہ 01/01/1990 کی معقول وجہ ثابت کرنے میں ناکام رہے۔ بحث مباحثہ بالا سے عیاں ہے کہ مدعیہ نے موقف خود بذریعہ مستند دستاویزی و زبانی شہادت ثابت کیا ہے۔ لہذا تنقیح ہذا مثبت میں بحق مدعیہ فیصلہ شد۔

تنقیح نمبر 3:

فریقین کی شہادت مسل پر موجود مواد اور مفصل بحث و فیصلہ بر تنقیحات متذکرہ بالا کی روشنی میں عدالت قرار دیتی ہے کہ مدعیہ دعویٰ کو ثابت کرنے میں کامیاب رہا، لہذا ڈگری مستدعیہ کا حقدار پایا گیا۔ بدیں طور تنقیح ہذا مثبت میں بحق مدعیہ فیصلہ شد۔

دادرسی:

